# اجرت

<"xml encoding="UTF-8?>

## اجرت

۱سوال: بینک یا کسی ادارہ میں کام کرنے والے کے روزانہ کے کاموں کا ایک حصہ ربا والے قرض یا دوسرے حرام فعل سے مربوط ہو جاتا ہو تو اصل کام اور اس کے لیے اجرت لینے کا کیا حکم ہے؟
جواب: ربا والے حرام معاملات حرام ہیں اور ان کی اجرت لینا بھی حرام ہے، اور ان معاملات کی اجرت لینے والا اس کا مالک نہیں ہوگا۔
۲سوال: کیا نماز میت اور نکاح پڑھانے کی اجرت لینا جایز ہے؟
جواب: نکاح پڑھانے کی اجرت لینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور نماز میت کی اجرت لینا احتیاط واجب کی بنا پرجایز نہیں ہے۔